سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ آئے تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: یہ میرے ماموں ہیں، اگر کوئی شخص ایسا ماموں رکھتا ہو تو وہ مجھے دکھائے

جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ آئے تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ”یہ میرے ماموں ہیں، اگر کوئی شخص ایسا ماموں رکھتا ہو تو وہ مجھے دکھائے“

[صحیح] [اسے امام ترمذی نے روایت کیا ہے]

سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کی مجلس مبارک کی طرف آ رہے تھے جب نبی ﷺ نے انہیں دیکھا تو فرمایا: یہ میرے ماموں ہیں جن پر مجھ فخر ہے کوئی مجھے اپنا ماموں دکھائے تاکہ معلوم ہوجائے کہ میرے ماموں جیسا کوئی ماموں نہیں ہے سعد بن وقاصرضی اللہ عنہ قبیلے بنی زہرہ میں سے تھے اور نبی ﷺ کی والدہ بی بی آمنہ بھی بنی زہرہ سے تھیں سعد رضی اللہ عنہ بی بی آمنہ کے رشتے دار تھے اور ماں کی طرف کے رشتے دار ماموں ہوا کرتے ہیں

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/11194